موضوعاتی مطالعہ

طہارت اور جسمانی صفائی

مشقی سوالات کے جوابات

سوال نمبر1: قرآن وحدیث کی روشنی میں طہارت پر ایک مختصر نوٹ لکھیں؟

جواب: طہارت اور جسمانی صفائی:

اسلام ایک مکمل ضابطہء حیات اور دینِ فطرت ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے اِس دین میں تمام انسانوں، خاص طور پر مسلمانوں کو تمام چھوٹی اور بڑی باتوں سے قرآن و حدیث کے ذریعے آگاہ کر دیا ہے اور نبی کریم ﷺ آخری نبی بنا کر اپنے دین کو عملی طور پر سمجھا دیا ہے تاکہ ہر چیز واضح ہو جائے۔

طہارت قرآن وحدیث کی روشنی میں:

طہارت اور پاکیزگی کے بنیادی اصول مندرجہ ذیل قرآنی آیت اور حدیث سے واضح ہو جاتے ہیں۔ ارشادِ ربانی ہے:۔

وَثِيَابَكَ فَطَهِّرْ۔ وَالرُّجْزَ فَاهْجُرْ۔ (المدثر۔۴۔۵)

ترجمہ: اپنے کپڑوں کو پاک رکھ۔ اور ناپاکی سے دور رہ۔

نبی کریم ﷺ کا فرمان ہے:۔

اَلطُّهُوْرُ شَطْرُ الْاِيْمَانِ۔ (مسلم)

ترجمہ: طہارت اور پاکیزگی ایمان کا حصہ ہے۔

طہارت سے مراد:

طہارت کا لغوی معنی پاک ہونا کے ہیں آج کے دور میں صفائی کا خیال تو رکھا جاتا ہے اور شریعت کو اپنائے بغیر عام غسل کرنے کو طہارت کے مفہوم میں لے آتے ہیں حالانکہ طہارت کا شرعی مفہوم بالکل مختلف اور شریعت کے بتائے ہوئے اصولوں اور اِس کی شرائط کے مطابق صفائی نہ کی جائے تو طہارت نہیں ہوگی اور طہارت کے نہ ہونے کی وجہ سے کوئی عبادت قبول نہ ہوگی۔

سوال نمبر2: وضو کا مسنون طریقہ بیان کریں؟

جواب: وضو کا مسنون طریقہ:

وضو کا مسنون طریقہ حسبِ ذیل ہے۔

(1) اچھی طرح ہاتھوں کو دھونا۔
(2) تین بار کلی کرنا۔
(3) تین بار ناک میں اچھی طرح پانی ڈالنا۔
(4) چہرے کو پیشانی کے بالوں سے ٹھوڑی کے نیچے تک اور ایک کان کی لو سے دوسرے کان کی لو تک اچھی طرح دھونا۔
(5) کہنیوں سمیت بازوؤں کو دھونا۔
(6) سر کا مسح کرنا۔
(7) ٹخنوں سمیت دونوں پاؤں دھونا۔
(8) وضو کرتے ہوئے یہ خیال کرنا کہ پہلے جسم کا دایاں حصہ اور پھر بایاں حصہ دھویا جائے۔
(9) جسم کے اعضاء کو تین بار دھونا۔

سوال نمبر3: غسل کرنے کا مسنون طریقہ کیا ہے؟

جواب: غسل کا مسنون طریقہ:

غسل کرنے سے پہلے یہ ضروری ہے کہ جسم کا جو حصہ گندا ہے اسے دھو لیا جائے اور اس کے بعد اگر ہو سکے تو وضو کر لینا بہتر ہے ورنہ تین بار اس طرح کلی کریں کہ حلق تک پانی پہنچ جائے۔ اس طرح تین بار ناک میں پانی ڈالیں۔ آخر میں پورے جسم پر تین بار پانی بہایا جائے اور جسم کو اچھی طرح مل کر صاف کر لیا جائے۔

غسل کی احتیاطی تدابیر:

مرد اور عورت کے لیے ضروری ہے کہ اس طرح نہائے کہ جسم کا کوئی بھی حصہ اور کوئی بال خشک نہ رہے۔

غسل کے دوران پانی اعتدال سے استعمال کیا جائے۔

غیر ضروری طور پر پانی ضائع نہ کیا جائے۔

پردے میں نہایا جائے۔

غسل کرتے وقت باتیں کرنا گنگنانا منع ہے۔

غسل کی مسنون صورتیں:

مندرجہ ذیل صورتوں میں غسل کرنا سنت ہے۔

(۱) جمعہ کے دن جمعہ کی نماز کے لئے۔
(۲) عید الفطر اور عید الاضحیٰ کے دن نماز کے لئے۔
(۳) حج یا عمرے کے لئے احرام پہننے سے پہلے۔
(۴) یوم عرفہ (حج کے دن) زوال کے بعد غسل کرنا سنت ہے۔

سوال نمبر4: طہارت کے بارے میں ایک آیت اور ایک حدیث بیان کریں؟

جواب: ارشادِ ربانی ہے:۔

وَثِيَابَكَ فَطَهِّرْ۔ وَالرُّجْزَ فَاهْجُرْ۔ (المدثر۔۴۔۵)

ترجمہ: اپنے کپڑوں کو پاک رکھ۔ اور ناپاکی سے دور رہ۔

نبی کریم ﷺ کا فرمان ہے:۔

اَلطُّهُوْرُ شَطْرُ الْاِيْمَانِ۔ (مسلم)

ترجمہ: طہارت اور پاکیزگی ایمان کا حصہ ہے۔

سوال نمبر5: طہارت کے کیا فوائد ہیں؟

جواب: طہارت کے فوائد:

شریعت نے جو صفائی اور پاکیزگی کے طریقے مقرر فرمائے ہیں اُن کا مقصد انسان نقصان یا تکلیف پہنچانا ہرگز نہیں بلکہ یہ تو اِس کے فائدے کی باتیں ہیں جو کہ حسب ذیل ہیں:۔

(1) ہر نماز سے پہلے وضو کرنے سے ذہنی اور جسمانی سکون ملتا ہے۔
(2) انسان صاف ستھرا اور پاک و صاف رہتا ہے۔
(3) اُس کی تھکاوٹ دور ہو جاتی ہے۔
(4) نہانے سے پورا جسم صاف ہو جاتا ہے اور اِس طرح صفائی کے باعث انسان بے شمار بیماریوں سے محفوظ رہتا ہے۔
(5) وضو کرنے اور نہانے سے ظاہری صفائی بھی حاصل ہوتی ہے اور روحانی بھی عبادت و ریاضت اور کام کاج وغیرہ میں لطف آتا ہے اور انسان ہشاش بشاش بھی رہتا ہے۔
(6) عبادت قبول ہوتی ہے اور عبادت اور کام کاج وغیرہ کرنے کی صلاحیت بھی بڑھ جاتی ہے۔

سوال نمبر6: خالی جگہ کو مناسب الفاظ سے پُر کیجئے؟

i. جمعہ کے دن غسل مسنون ہے۔
ii. عیدین کے دن غسل سنت ہے۔
iii. غسل کرتے وقت پورے جسم پر تین مرتبہ پانی بہایا جائے۔
iv. پانی کا استعمال احتیاط سے کیا جائے۔
v. طہارت کے بغیر نماز نہیں ہو سکتی۔

اضافی معروضی سوالات

سوال نمبر ا: دیے گئے الفاظ یعنی الف / ب / ج / د میں سے درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ ہر جزو کا ایک نمبر ہے۔

1۔ اسلام ایک مکمل ضابطہ حیات اور ــــــــ ہے۔
(الف) دینِ فطرت ✓ (ب) سبق
(ج) نصیحت (د) مذہب

2۔ طہارت پاکیزگی ــــــ کا حصہ ہے۔
(الف) دولت کا (ب) ایمان کا ✓
(ج) عزت کا (د) انسان کا

3۔ طہارت کے لغوی معنی ــــــ ہیں۔
(الف) صحیح ہونا (ب) درست ہونا

(ج) پاک ہونا ✓ (د) صاف ہونا

4۔ طہارت میں ــــــ چیزیں شامل ہیں۔
(الف) دو ✓ (ب) تین
(ج) چار (د) پانچ

5۔ اپنے کپڑوں کو پاک صاف رکھ اور ــــــ دور رہ۔
(الف) طہارت و پاکیزگی سے (ب) ناپاکی سے ✓
(ج) عمل صالح سے (د) روزہ سے

6۔ وضو میں سر کا مسح کرنا ــــــ
(الف) واجب ہے (ب) سنت ہے
(ج) فرض ہے ✓ (د) مستحب ہے

7۔ نماز سے پہلے وضو کرنا ــــــ ہے۔
(الف) فرض ✓ (ب) سنت
(ج) واجب (د) مستحب

8۔ وضو کے ــــــ فرائض ہیں۔
(الف) دو (ب) تین
(ج) چار ✓ (د) پانچ

9۔ غسل کے ــــــ فرائض ہیں۔
(الف) تین ✓ (ب) چار
(ج) پانچ (د) چھ

10۔ جمعہ کے دن غسل کو حضور ﷺ نے قرار دیا۔
(الف) فرض (ب) سنت ✓
(ج) ثواب (د) مستحب

11۔ وضو میں ٹخنوں سمیت دونوں پاؤں دھونا قرار دیا گیا ہے۔
(الف) فرض ✓ (ب) سنت
(ج) واجب (د) مستحب

12۔ وضو کرتے وقت جسم کے ہر عضو کو ــــــ دھونا سنت ہے۔
(الف) ایک بار (ب) دو بار
(ج) تین بار ✓ (د) چار بار

13۔ اگر جسم پاک نہ ہو تو وضو سے پہلے غسل کرنا ــــــ ہے۔
(الف) مستحب (ب) سنت
(ج) فرض ✓ (د) واجب

14۔ جمعتہ المبارک اور عیدین (عید الفطر، عید الاضحیٰ) پر غسل کرنا ــــــ ہے۔
(الف) مستحب (ب) سنت ✓
(ج) فرض (د) واجب

15۔ وضو کرتے وقت اعضاء کو کتنی مرتبہ دھویا جائے۔
(الف) ایک مرتبہ (ب) دو مرتبہ
(ج) تین مرتبہ ✓ (د) چار مرتبہ

16۔ طہارت اور پاکیزگی ــــــ کا حصہ ہے۔
(الف) احسان (ب) ایمان ✓
(ج) زندگی (د) کام

17۔ غسل کرتے وقت پورے جسم پر ــــــ مرتبہ پانی بہایا جائے۔
(الف) ایک بار (ب) دو بار
(ج) تین بار ✓ (د) چار بار

18۔ غسل کرنے پر جسم پر پانی بہایا جائے۔
(الف) ایک مرتبہ (ب) دو مرتبہ
(ج) تین مرتبہ ✓ (د) چار مرتبہ

19۔ طہارت میں شامل ہے۔
(الف) وضو (ب) غسل
(ج) وضو و غسل ✓ (د) صفائی

سوال نمبر ۲: مندرجہ ذیل سوالات کے مختصر جوابات لکھیں۔

سوال نمبر1: وضو کی دو سنتیں تحریر کریں؟

جواب: (1) تین بار کلی کرنا۔
(2) تین بار ناک میں اچھی طرح پانی ڈالنا۔

سوال نمبر2: وضو کے فرائض کتنے ہیں اور کون کون سے ہیں؟

جواب: وضو کے چار فرائض ہیں:

1۔ چہرے کا دھونا: چہرے کی گولائی، لمبائی کے حدِ طول کے لحاظ سے پیشانی کی سطح کے شروع ہونے کی جگہ سے لے کر ٹھوڑی کے نیچے تک ہے اور عرض (چوڑائی) کے لحاظ سے وہ تمام حصہ جو دونوں کانوں کی لَو کے درمیان ہے۔
2۔ دونوں ہاتھوں کا کہنیوں تک دھونا۔
3۔ چوتھائی سر کا مسح کرنا۔
4۔ پاؤں کا ٹخنوں سمیت دھونا۔

سوال نمبر3: غسل کے فرائض کتنے ہیں اور کون کون سے ہیں؟

جواب: غسل کے تین فرض ہیں:
1۔ کلی کرنا۔
2۔ ناک میں پانی ڈالنا۔
3۔ سارے بدن پر ایک بار اس طرح پانی بہانا کہ کوئی بھی جگہ خشک نہ رہ جائے۔

سوال نمبر4: طہارت کے چند فوائد لکھیں؟

جواب: (1) ہر نماز سے پہلے وضو کرنے سے ذہنی اور جسمانی سکون ملتا ہے۔
(2) انسان صاف ستھرا اور پاک و صاف رہتا ہے۔
(3) اُس کی تھکاوٹ دور ہو جاتی ہے۔

سوال نمبر5: سورۃ المدثر میں نبی ﷺ کو طہارت کے بارے میں کیا حکم دیا گیا ہے۔

جواب: ارشادِ ربانی ہے:۔ وَثِيَابَكَ فَطَهِّرْ۔ وَالرُّجْزَ فَاهْجُرْ۔ (المدثر۔۴۔۵)

ترجمہ: اپنے کپڑوں کو پاک رکھ۔ اور ناپاکی سے دور رہ۔

سوال نمبر6: طہارت میں کون سی دو چیزیں شامل ہیں؟

جواب: طہارت میں دو چیزیں وضو اور غسل شامل ہیں۔

سوال نمبر7: اللہ تعالیٰ نے دین میں چھوٹی بڑی باتوں (احکام دین) سے کس طرح لوگوں کو آگاہ کیا ہے؟

جواب: اللہ تعالیٰ نے اپنے اِس دین میں تمام انسانوں، خاص طور پر مسلمانوں کو تمام چھوٹی اور بڑی باتوں سے قرآن و حدیث کے ذریعے آگاہ کر دیا ہے اور نبی کریم ﷺ آخری نبی بنا کر اپنے دین کو عملی طور پر سمجھا دیا ہے تاکہ ہر چیز واضح ہو جائے۔

سوال نمبر8: غسل کے دوران کن چیزوں سے اجتناب ضروری ہے؟

جواب: غسل کے دوران مندرجہ ذیل چیزوں سے اجتناب ضروری ہے۔
1۔ غسل کے دوران پانی اعتدال سے استعمال کیا جائے۔
2۔ غیر ضروری طور پر پانی ضائع نہ کیا جائے۔
3۔ پردے میں نہایا جائے۔
4۔ غسل کرتے وقت باتیں کرنا گنگنانا منع ہے۔

سوال نمبر9: طہارت کا مفہوم بیان کریں۔

جواب: شریعت کے بتائے ہوئے اصولوں اور اِس کی شرائط کے مطابق صفائی اختیار کرنا طہارت کہلاتا ہے۔

سوال نمبر10: کن مواقع پر غسل کرنا مسنون ہے۔

جواب: غسل کی مسنون صورتیں:

مندرجہ ذیل صورتوں میں غسل کرنا سنت ہے۔
(۱) جمعہ کے دن جمعہ کی نماز کے لئے۔
(۲) عید الفطر اور عید الاضحیٰ کے دن نماز کے لئے۔
(۳) حج یا عمرے کے لئے احرام پہننے سے پہلے۔

(۴) یوم عرفہ (حج کے دن) زوال کے بعد غسل کرنا سنت ہے۔

سوال نمبر11: طہارت و صفائی کے حوالے سے کسی آیت کا ترجمہ لکھئے؟

جواب: ترجمہ: اپنے کپڑوں کو پاک رکھ۔ اور ناپاکی سے دور رہ۔

سوال نمبر12: ترجمہ تحریر کریں۔ اَلطُّهُوْرُ شَطْرُ الْاِيْمَانِ۔

جواب: ترجمہ: طہارت اور پاکیزگی ایمان کا حصہ ہے۔

سوال نمبر13: طہارت کے لغوی معنی کیا ہیں؟

جواب: طہارت کے لغوی معنی پاک ہونے کے ہیں۔

سوال نمبر14: جمعہ کے دن غسل کی کیا اہمیت ہے؟

جواب: آپ ﷺ نے جمعہ کے دن غسل کرنے کو ہر مسلمان کے لئے مسنون قرار دیا۔